07/04/2025

07.40 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

۔ اب آپ تجمل اندرابی سے خبریں سُنئیے

پہلے اہم خبروں کی سُرخیوں پر ایک نظر۔

ہیڈ لائینز

*........وزیر داخلہ امت شاہ کا تین روزہ دورہ جموں کشمیر//کھٹوعہ میں بین الاقوامی سرحد پر زمینی صورتحال کا لیا جائزہ۔

*........جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی میں وقف ترمیمی ایکٹ کو لیکر شور وغل اور ہنگامہ آرائی//اسپیکر نے ایکٹ پر بحث کیلئے التواءکی اجازت نہیں دی۔

*........صحت سے متعلق عالمی دن آج //وزیر اعظم ، ایل جی اور وزیر اعلیٰ نے لوگوں کی اچھی صحت کیلئے کیا نیک خواہشات کا اظہار ۔

اور

*........اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو کی ٹولپ گارڈن کی سیر //قدرتی نظاروں اور پر کیف فضاءکی،کی تعریف۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبرینآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

امت شاہ

وزیر داخلہ امت شاہ جو ان دنوں جموں کشمیر کے تین روزہ دورے پر ہیں نے آج کھٹوعہ ضلع بی ایس ایف باڈر آؤٹ پوسٹ کا دورہ کرکے زمینی صورتحال Vinay میں بین الاقوامی سرحد پر کا جائزہ لیا۔اس موقعے پر انہوں نے جوانوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا۔

وزیر داخلہ نے راج بھون جموں میں جموں کشمیر پولیس کے ان اہلکاروں جو حال ہی میں ملی ٹینٹوں کا مقابلہ کرنے کے دوران مارے گئے تھے کے لواحقین کے ساتھ ملاقات کرکے انہیںتعیناتی کے 9آڈر تقسیم سونپے۔ انہوننے ان پولیس اہلکاروں کو خراج عقیدت پیش کیا۔انہوننے کہا کہ وزیر اعظم نریندر مودی کی قیادت والی حکومت نے دہشت گردی کا مقابلہ کرنے میں نمایاں پیش رفت حاصل کی۔ انہوننے کہا کہ مرکزی حکومت جموں کشمیر ترقیاتی عمل کو آگے بڑھانے اور امن و امان قائم کرنے کیلئے لگاتار کام کرتی رہے گی ۔

وزیر داخلہ آج شام سرینگر پہنچ رہے ہیں ۔ یہاں وہ کل دو اہم میٹنگوں کے دوران سلامتی صورتحال اور شری امر ناتھ جی یاترا کے انتظامات کا جائزہ لیں گے ۔ امت شاہ عوامی نوعیت کے کچھ اہم پروجیکٹونکو بھی عوام کے نام وقف کریں گے۔

## اسمبلی

جموں کشمیر قانون اسمبلی میں آج وقف ترمیمی ایکٹ کو لیکر کافی شور و غل اور ہنگامہ آرائی دیکھنے کو ملی ۔ آج صبح جونہی کارروائی شروع ہوئی تو نذیراحمد گریزی اور تنویر صادق کی قیادت میں نیشنل کانفرنس کے اراکین نے وقف قانون پر بحث کیلئے وقفہ سوالات کو ملتوی کرنے کی تحریک پیش کی ۔ جس کیلئے این سی ، کانگریس اور کچھ آزاد ممبروں نے اسپیکر کو نے اس اقدام BJP نوٹس دیا تھا ۔ اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما کی قیادت میں کا حوالہ Rule 58 کی مخالفت کی اور نعرہ بازی کی ۔ اسمبلی کے اسپیکر عبدالرحیم راتھر نے دیتے ہوئے کہا کہ التواءکی اجازت نہیں دی جا سکتی کیونکہ ایکٹ کو عدالتوں میں چیلنج کیا گیا ہے ۔ جس پر این سی ، کانگریس اور PDP کے ارکان نے احتجاج کیا اور وہ ایوان کے وسط میں آگئے ۔ہنگامہ آرائی کے بیچ اسپیکر نے ایوان کی کارروائی کچھ دیر کیلئے ملتوی کر دی ۔

## منظوری

جموں کشمیر قانون ساز اسمبلی کے سیکریٹری منوج کمار پنڈت نے آج ایوان کو جانکاری دی کہ ایوان میں پاس کئے گئے تین بلوں کولیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے 25مارچ کو منظوری دی ہے ۔ ان میں جموں اینڈ کشمیر گڈس اینڈ سروسز ٹیکس ترمیمی بل 2025 اور جمونائینڈ کشمیر Appropriation 2025 کے دو بل شامل ہیں۔

## دن

آج صحت سے متعلق عالمی دن ہے۔اس دن مجموعی طور پر صحت کو بر قرار رکھنے سے متعلق امور کو اجا گر کیاجاتاہے تاکہ ایک صحت مند معاشرہ پروان چڑھ سکے ۔ آج کے دن

خاص طور سے زچہ اور بچہ کی صحت کو بر قرار رکھنے کیلئے ایک سال طویل مہم کا بھی آغاز ہوا ۔

**وزیر اعظم پیغام**

وزیر اعظم نریندر مودی نے صحت کے عالمی دن کے موقعے پر کہا ہے کہ ہمیں ایک صحت مند دنیا وجود میں لانے کا عہد دُہرانا چاہئے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم نے کہاکہ ان کی حکومت طبی نگہداشت کے شعبے پر توجہ مرکوز کرتی رہے گی اور لوگوں کی بہبودی کے مختلف شعبوں میں سرمایہ کاری کرتی رہے گی ۔ انہوں نے کہا کہ اچھی صحت ایک بہترمعاشرے کی بنیاد ہے۔

**نڈّا پیغام**

نڈّا نے صحت کے عالمی دن کے موقعے پر اپنے پیغام مینکہا ہے کہ JP صحت کے مرکزی وزیر یہ دن ہمیں یاد دلاتا ہے کہ ہمیں اپنے صحت کی طرف توجہ مرکوز کرنی چاہئے نیز ہمیں ایک صحت مند طرز زندگی اختیا رکرنا چاہئے ۔

**ایل جی پیغام**

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے صحت کے عالمی دن کے موقعے پر سب کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ ایک پیغام میں انہوں نے ڈاکٹروں اور دیگر پیشہ وروں کے رول کی ستائش کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان کی بے لوث خدمات سے ایک صحت مند معاشرہ وجود میں آتا ہے ۔

**عمر پیغام**

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی اس دن کی مناسبت سے سب کی اچھی صحت کیلئے دعا کی ہے ۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے کہاکہ ہمیں اپنی بہتر ذہنی و جسمانی نشو نما کیلئے اقدامات کرنے چاہئے تاکہ ہمارا مستقبل محفوظ رہ سکے۔

**دن انٹرو**

اور اب پیش ہے صحت کے عالمی دن کے موقعے پر آکاشوانی نیوز سرینگرکے سربراہ طارق راتھر کی یہ رپورٹ:۔

سکمز

صحت کے عالمی دن کے موقعے پر شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ کے مختلف شعبوں میں آج چالیس کروڑ30لاکھ روپے مالیت کی جدید مشینری اور ساز و سامان لوگوں کیلئے وقف کیاگیا۔اس سلسلے میں انسٹی چیوٹ کے ڈائریکٹر پروفیسر محمد اشرف گنائی نے ہمارے نمائندے نور العین عشرت کے ساتھ بات کرتے ہوئے کہا۔

روِیندر ناتھ

صحت کے عالمی دن کے موقعے پر سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر نے ڈسٹرکٹ اسپتال گاندربل اور دیگرطبی اداروں کے اشتراک سے تولہ مولہ گاندربل کیمپس میں ایک تقریب کا انعقاد کیا جس کا افتتاح یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر اے رویندر ناتھ نے کیا۔اس موقعے پر انہوں نے طبی نگہداشت پر خصوصی توجہ مرکوز کرنے پر زور دیتے ہوئے کہاکہ ایسے پروگراموں کا انعقاد انسانی صحت اور تندرستی کے حوالے سے نہایت ہی اہمیت کے حامل ہیں۔

پوشن پکھواڑہ

خواتین اور بچوں کی ترقی کی وزارت 8اپریل سے22اپریل تک پوشن پکھواڑے کا7واں شمارہ منا رہی ہے۔ جس کا مقصد تغذیہ کی کمی کے مسئلے پر قابو پانا ہے۔

بریک

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سُن رہے ہیں۔

پربھی سماعت کر سکتے ہیں۔ DTH اور AIR خبریںآپ آکاشوانی کے موبائیل اپلیکشن نیوز آن

نا صر اسلم

وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی سے آج سرینگر میں وزیر اعلیٰ کے آوٹ ریچ دفتر میں متعدد افراد اور وفود ملاقی ہوئے ۔ انہوں نے اپنے اپنے مسائل مشیر کی نوٹس میں لائے ۔ ناصر اسلم وانی نے انہیں یقین دلایا کہ تمام جائز مسائل کو مرحلہ وار طریقے پر حل کیا جائے گا ۔

منشیات

نشہ مکت بھارت ابھیان کے تحت سماج کو منشیات کی لعنت سے چھٹکارا دلانے کیلئے ملک بھر میں ہر سطح پر کوششیں جاری ہیں۔ وزیر اعظم نریندر مودی کا پیغام۔

جموں کشمیر میں بھی نوجوانوں کو اس لت سے دور رکھنے کیلئے کئی اقدامات کئے جا رہے ہیں۔اس تعلق سے ہم نے جب ایک صحافی سید قاسم کاشانی کے ساتھ بات کی تو انہوں نے کہا۔

ڈرگ کارروائی

منشیا ت کے خلاف کارروائی کو جاری رکھتے ہوئے پولیس نے آج ہٹمرہ مٹن کے پیرافتخار ایکٹ کے تحت اٹیچ کر NDPS حسین نامی ڈرگ سمگلرکی ایک کروڑ روپے مالیت کی جائیداد کو دیا ۔

پولیس نے ایک اور کارروائی کے دوران کرانگشون کالونی سوپور سے مشتا ق احمدلون ، وسیم احمد راتھر یاور احمد لون نامی تین ڈرگ سمگلروں کو گرفتار کرکے ان سے کچھ نشیلی اشیاءبر آمد کی ہے ۔

رجیجو

اقلیتی امور کے مرکزی وزیر کرن رجیجو نے آج علی الصبح جھیل ڈل کے کنارے پر واقع ٹولپ گارڈن کی سیر کی۔ ان کے ہمراہ وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ بھی تھے ۔ مرکزی وزیر نے ٹولپ گارڈن کے قدرتی نظاروں اور پر کیف فضاءکی تعریف کی۔وزیر موصوف نے جموں کشمیر وقف بورڈ کی چیر پرسن ڈاکٹر درخشاں اندرابی کے ساتھ بھی ملاقات کی ۔اس دوران انہوں نے جموں کشمیر وقف بورڈ کے ترقیاتی پروگراموں اور وقف ترمیمی ایکٹ کے مختلف فوائد پرتبادلہ خیال کیا ۔واضح رہے کہ کرن رجیجو نے کل شام وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ اور مرکزی وزیر مملکت جارج کورین کی موجودگی میں یونیورسٹی آف کا افتتاح کیا۔دریں اثنا وزیر موصوف نے Parv کشمیر کے کنوکیشن گراؤنڈ میں لوک سموردھن آج پانپور میناںڈیا انٹرنیشنل کشمیرسیفران ٹریڈنگ سینٹر کا بھی دورہ کیا اور وہاں زعفران کی پراسسنگ کا مشاہدہ کیا۔

یوجنا

پردھان منتری مُدرا یوجنا کے دس برس مکمل ہو گئے ہیں۔ اس سکیم کے تحت انتہائی چھوٹے اور چھوٹے کار خانہ داروں کو بلا کسی ضمانت کے بیس لاکھ روپے کے تک قرضے فراہم کئے جاتے ہیں۔ پچھلی ایک دہائی کے دوران یہ اسکیم کار خانہ داروں کو با اختیار بنانے ، اقتصادی ترقی کو تقویت بخشنے اور مالی شمولیات کو یقینی بنانے میں کافی مدد گار ثابت ہو ئی ہے۔

جتندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جانکاری دی ہے کہ اب سے بارہ دن بعد یعنی19اپریل کو وزیر اعظم نریندر مودی دنیا کے سب سے اونچے ریلوے پل کا افتتاح کریں گے ۔ وزیر موصوف نے دریائے چناب پر تعمیر کئے گئے اس پل کو انجینئرنگ کا ایک اعلیٰ نمونہ اور نئے بھارت کی ایک مثال قرار دیا ۔

صدر جمہوریہ

صدر جمہوریہ درو پدی مرمو پرتگال اور سلواکیہ کے دورے کے پہلے مرحلے کے تحت آج صبح Lisbon پہنچ گئی۔ پرتگال کے صدر نے ان کا استقبال کیا اور درو پدی مرمو کے اعزاز میں وہاں گارڈ آف آنر بھی پیش کیا گیا ۔ وہ آج اپنے پرتگال کے ہم منصب کے ساتھ وفود کے سطح کی بات چیت کریں گی۔9سے 10اپریل تک صدر جمہوریہ سلواکیہ کا دورہ کریں گی۔

پولیس

SSPاور CRPF اونتی پورہ نے آج لیتہ پورہ میں فوج اور کے افسروں کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران سلامتی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس موقعے پر بہتر نتائج حاصل کرنے کیلئے سلامتی ایجنسیوں کے ما بین موثر تال میل کی ضرورت پر زور دیاگیا ۔

سکاسٹ اطلاع

سکاسٹ کشمیر نے انڈ گریجویٹ اور پوسٹ گریجویٹ کورسوں میں داخلے کے عملے کو آسان نا کا نیا ایڈمیشن پورٹل قائم کیا www.admissions.skuastkashir.ac.in کرنے کیلئے ہے۔

من کی بات

وزیر اعظم نریندر مودی 27اپریل کو من کی بات پروگرام کے 121ویں شمارے کے دوران ملک اور بیرون ملک عوام کے ساتھ اپنے خیالات کا اظہا رکریں گے ۔ لوگ اس پروگرام کیلئے اپنی آراءاور تجاویز ٹول فری نمبر 1800-11-7800 پر بھیج سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ یہ تجاویز پر بھی آن لائن بھیجے جا سکتے ہیں۔MyGov open forum نریند ر مودی ایپ یا

**سماعت**

**سپریم کورٹ نے وقف ترمیمی ایکٹ2025کی آئینی حیثیت کو چلینج کرنے والی عرضداشتوں پر جلد ہی سماعت کرنے سے اتفاق کر لیا ہے چیف جسٹس ، جسٹس سنجیو کھنہ ،جسٹس سنجے کمار اور جسٹس کے وی ویشنو ناتھن پر مشتمل بینچ نے اس سلسلے میں وکلاءکی طرف سے پیش کئے گئے Submissions پر غور کرکے ان عرضداشتونکو لسٹ کرانے سے اتفاق کیا ہے ۔**

**واضح رہے کہ صدر جمہوریہ درو پدی مرمو نے پارلیمنٹ میں حال ہی میں پاس کئے گئے وقف ترمیمی بل کو اپنی منظوری دی ہے۔**

**پروگرام اطلاع**

**زیرو ویسٹ ۔ سالڈ اینڈ لیکویڈ ویسٹ منیجمنٹ فار سسٹینبل ڈیولپمنٹ موضوع کے تحت آکاشوانی نیوز سرینگرکا تیار کردہ ایک خصوصی پروگرام آج رات ساڑھے نو بجے آکاشوانی سرینگر سے نشر کیا جائے گا۔ پروگرام کی مہمان شخصیت سینٹرل یونیورسٹی آف کشمیر کے وائس چانسلر پروفیسر اے رویندر ناتھ ہیں۔ان کے ساتھ ہمکلام ہوں گے آکاشوانی نیوز کے سربراہ طارق راتھر۔**

**موسم**

**محکمہ موسمیات کی پیش گوئی کے مطابق جموں کشمیر میں اگلے24گھنٹوں کے دوران موسم عام طور پر خشک رہنے کا امکان ہے۔**

**سرینگرمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 28.2ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت 9.4ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔**

**جمونمیں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت 36.1ڈگری سیلسیس جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت20.9ڈگری سیلسیس تھا۔**

**سرینگر میں کل طلو ع آفتاب صبح6بجکر16منٹ پراور غروب آفتاب شام6بجکر57منٹ پر ہو گا۔**

**اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔**

**خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے**

**کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔**

**ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ**

**۔**

اسکے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلٹن ختم ہوا۔

خبروں کا اگلا بلٹن آکاشوانی سے

کل صبح7بجکر45 منٹ پر کشمیری میں نشر ہو گا۔

ہمیں دیجئے اجازت//خدا حافظ۔